# رمضان

رمضان رمضان ہاں آ گیا رمضان

یہ خاص ہے اللہ کا احسان مبارک
ہر ایک کو یہ ماہِ مہربان مبارک
سد شکر ترا ربِ اولیٰ خالقِ سبحان

سحری کی ہیں باتیں کہیں افطار کی باتیں
ہر بزم میں ہیں صبر کی ایثار کی باتیں
انسان نظر آئے گا اب واقعی انسان

ہر سمت ہیں چھائی ہوئی رحمت کی بہاریں
تکبیر کی آوازیں عبادت کی بہاریں
ہونے لگیں بیداریاں کھلنے لگے قرآن

ہر شخص پہ اللہ مہربان ملے گا
سجدے میں ہر اِک صاحبِ ایمان ملے گا
منظر یہ نگاہوں کو نظر آئے گا ہر آن

101

اللہ نے جو وعدہ کیا تھا وہ نبھایا
اعلان یہ کرتا ہوا قرآں اتر آیا
اِس ماہِ مبارک کی ہے اللہ رے کیا شان

روزے جنہیں راس آ گئے ہے عید اُنہی کی
جو رب کی رضا پا گئے ہے عید اُنہی کی
ہے پیارے نبیؐ پیارے محمدؐ کا یہ فرمان

جو سر کو جھکائے گا وہی ہو گا سر افراز
ہر کان میں گونجے گی یہ رضوان کی آواز
ہر لمحہ رہے وِردِ زباں سورہِ رحمان